اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ      اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# مَدَنی مذاکرے کے منتخب سُوال جواب (مختصر وخلاصہ)

| 30شوال المکرم1444ھ | عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ کراچی | 30، مئی 2023ء |
|---|---|---|

**سوال:** بندے میں کتنی قوتِ برداشت ہونی چاہئے؟

**جواب:** جب کوئی مشکل ومصیبت آئے تو بندہ صبر کرے، اپنے اندر قوتِ برداشت پیدا کرے۔ جتنا صبر مشکل ہوگا اتنا ثواب بھی زیادہ ہوگا۔

**سوال:** کیا جنت میں ہر خواہش پوری ہوگی؟

**جواب:** جی ہاں! جنت اللہ پاک کی رحمت وکرم کا مظہر ہے۔ جنت میں رنج وغم نہیں۔ جنت میں ہر نعمت ہوگی۔ جنّتی جس چیز کی خواہش کرے گا وہ اسے حاصل ہوگی۔ جنّتی کو سب سے بڑی نعمت یہ حاصل ہوگی کہ اُسے **اللہ پاک کا دِیدار نصیب ہوگا۔**

**سوال:** آم (Mango) کھانے کے کیا کیا فوائد ہیں؟

**جواب:** آم پھلوں کا بادشاہ ہے، آم کھانا جلد بوڑھا ہونے سے بچاتا ہے۔ یہ ہر قسم کے کینسر اور دمے سے بچاسکتا ہے۔ یہ ہڈیوں کے امراض دور کرتا ہے۔ آم جسمانی کمزوری کو دور کرتا اور اسے موٹا کرتا ہے۔ یہ پٹھوں کو سخت گرمی اور لُو سے بچاتا ہے۔ اس کے کھانے سے سفید بالوں میں کالک آسکتی ہے۔ پہلے سیزن کا آم نہ کھایا جائے، کیونکہ یہ طبّی طور پر (Medically) مناسب نہیں۔

**سوال:** وضو کے بعد داڑھی میں کنگھی کرنے کا کیا فائدہ ہے؟

**جواب:** وضو کے بعد داڑھی میں کنگھی کرنا تنگدستی کو دور کرتا ہے، امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: حضرت وہب بن منبہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: کھڑے ہو کر کنگھی کرنے سے قرض چڑھتا ہے اور بیٹھ کر کنگھی کرنا قرض کو دور کرتا ہے۔ (الحاوی للفتاویٰ جلد2 ص47،46، بیروت)

**سوال:** نبیِ کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا شجرۂ نسب یاد کرنا کیسا؟

**جواب:** اچھا ہے۔

**سوال:** شجرے سے کیا مراد ہے، اور اس کے پڑھنے کے کیا فائدے ہیں؟

**جواب:** شجر کا معنی **درخت** ہے، شجرہ کا معنی بھی درخت ہی ہے۔ جس طرح حدیث کی سندیں ہوتی ہیں، اسی طرح سلسلۂ پیری مُریدی کا بھی شجرہ ہوتا ہے۔ شجرہ مشائخ کا نبیِ کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے ملنے کی سند ہے۔ شجرہ پڑھنے سے نیک لوگوں کا ذکر کرنے کی سعادت حاصل ہوتی ہے۔ نیک لوگوں کے ذکر کے وقت اللہ پاک کی رحمت نازل ہوتی ہے اور ایک روایت میں ہے کہ **نیک لوگوں کا ذکر گناہوں کا کفارہ ہے۔** یعنی شجرہ پڑھنے کے بہت فوائد ہیں، مثلاً اوّل (1)۔ رسولُ اللہ صلَّی اللہ علیہ وسلَّم تک اپنے اِتصال (یعنی سلسلہ کے ملنے) کی سند کا حفظ۔ دُوُم (2): صالحین (یعنی نیک بندوں) کا ذکر کہ مُوجِب نُزولِ رحمت (یعنی رَحمت کے نازل ہونے کا سبب) ہے۔ سِوُم (3): نام بنام اپنے آقایانِ نعمت (یعنی سلسلے کے مشائخِ کرام رحمۃُ اللہ علیہ) کو ایصالِ ثواب کہ اُن کی بارگاہ سے موجبِ نظرِ عنایت (یعنی نظرِ کرم ہونے کا سبب) ہے۔ چہارم (4): جب یہ (یعنی شَجَرہ عالیہ پڑھنے والا) اوقاتِ سلامت (یعنی راحت) میں ان کا (یعنی اپنے سلسلے کے مشائخِ کرام رحمۃُ اللہ علیہم اجمعین کا) نام لیوا رہے گا تو وہ اوقاتِ مصیبت (یعنی کسی بھی پریشانی اور مشکل کے وقت) میں اس کے دستگیر ہوں گے (یعنی اس کی مدد فرمائیں گے)۔ رسول اللہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلَّم فرماتے ہیں: تُو خوشحالی میں اللہ پاک کو پہچان وہ مصیبت میں تجھ پر نظرِ کرم فرمائے گا۔ (جامع صغیر، ص199، حدیث:3317۔ فتاویٰ رضویہ، 26/590،591)

**سوال:** نیکی کی دعوت / دعوتِ اسلامی کے کسی دینی کام یا شعبے کے تعارف کا ویڈیو کلپ کس طرح بنایا جائے؟

**جواب:** ہمیشہ خیال رکھیں کہ جب کوئی کلپ بنایا جائے تو اس کی ابتدا میں نیکی کی دعوت کے موضوع پر کوئی حدیث پاک یا کوئی روایت بیان کی جائے اور شروع میں کسی مجلس یا شعبے کا ذکر نہ کیا جائے تاکہ تمام لوگ اسے دیکھیں۔

**سوال:** کیا مریضوں سے دعا کروانی چاہئے؟

**جواب:** مریض سے دعا کروانی چاہئے کہ اس سے دعا کروانا فرشتوں کی دعا کی طرح ہے۔

**سوال:** اِس ہفتے کا رِسالہ "**لوحِ محفوظ کے بارے میں دلچسپ معلومات**" پڑھنے یا سُننے والوں کو امیر اہل سنت نے کیا دُعا دی؟

**جواب:** یاربَّ المصطفےٰ! جو کوئی 21 صفحات کا رسالہ "**لوحِ محفوظ کے بارے میں دلچسپ معلومات**" پڑھ یا سُن لے اُسے علم وعمل کی دولت سے نواز اور اُسے والدین وخاندان سمیت بے حساب بخش دے۔ اٰمِیْن بِجَاہِ خاتم النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم۔